تبصرہ کتب

راہِ ہدایت

مؤلف مولانا محمد سرفراز خان صفدر۔ صفحات ۲۰۸ ۔ قیمت قسم اول دو روپے قسم دوم ایک روپیہ پچاس پیسے۔ ناشر ادارۂ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ ——— مصنف کتاب ہمارے ملک کے بلند پایہ اور جانے پہچانے مصنف ہیں۔ کئی فقہی اور کلامی معرکۃ الآراء مباحث پر ان کے علمی وتحقیقی افادات شائع ہو چکے ہیں۔ پیشِ نظر کتاب میں مولانا موصوف نے بڑی تحقیق سے اور عرق ریزی سے معجزہ اور کرامت کا فعلِ خداوندی ہونا ثابت کیا ہے۔ اور یہ کہ انبیاء اور اولیاء کا اس کے صدور میں کوئی دخل نہیں ہوتا۔ بلکہ معجزات اور کرامات امور اسبابی ہوتے ہیں۔ ما فوق الاسباب طریق پر مختار مطلق و مختار کل اور تمام امور کا حقیقی متصرف صرف ذاتِ باری تعالیٰ ہے۔ کتاب پانچ ابواب اور ہر باب کئی ذیلی اہم مباحث پر مشتمل ہے۔ باب اول معجزہ اور اسکی تعریف وحقیقت باب دوم قرآن کریم سے معجزات کا غیر اختیاری ہونا۔ باب سوم احادیث سے معجزات کا ثبوت، باب چہارم اثبات توحید وتردید شرک، باب پنجم مولانا حسین علی پر ایک بہتان کا جواب۔ اس ضمن میں معجزات اور کرامات کے بارہ میں جس غلو یا افراط و تفریط سے کام لیا جاتا ہے۔ کتاب و سنت اور ائمہ اہل سنت کی معتبر اور مستند عبارات سے ان غیر معتدل خیالات و نظریات کا جواب بھی دیا گیا ہے۔ اور اس ضمن میں توحید و تصرف باری تعالیٰ کا نکھرا ہوا تصور پیش کیا گیا ہے۔ امید ہے کتاب علمی اور کلامی حلقوں کے لئے کافی معلومات آفریں ثابت ہوگی۔

تقسیمِ وراثت مفصل
تقسیمِ وراثت مجمل

مرتبہ ملک بشیر احمد بگوی (بی ایس سی سول انجینئرنگ) صفحات ۲۱۲/۱۶۲ کاغذ سفید۔ قیمت ۵/- ، ۱/۵۰ ملنے کا پتہ :- انجمن خدام الدین شیرانوالہ گیٹ لاہور یا تعمیری کتب خانہ اردو بازار راولپنڈی۔

علم میراث کے موضوع پر اردو زبان میں پہلی منفرد اور جامع کتاب تقسیم وراثت کیلئے کئی ایک نقشے جو پوری عرق ریزی اور دماغ سوزی سے مرتب کئے گئے ہیں۔ ان سے ہزارہا مسائل حل کئے جا سکتے ہیں، بشرطیکہ اولاً نقشوں سے پورا تعارف ہو جائے۔ فاضل مؤلف نے اپنی تحقیق و فکر کی پوری متاع اس فنِ جلیل کی خدمت میں لگا دی اور حق یہ ہے کہ اس باب میں ایک جامع، مفید اور اچھوتا کام کیا۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس سعی کو شرفِ قبول بخشے اور مسلمانوں کو اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچائے۔ کتاب کو ملک کے علماء اور ارباب فکر نے پسند کیا ہے۔ اور محکمۂ تعلیم راولپنڈی ریجن نے مدارس کیلئے منظور بھی کیا ہے۔ ہماری پرزور سفارش ہے کہ سکولوں اور کالجوں کے علاوہ عربی مدارس کے طلبہ بھی اسکا مطالعہ فرمادیں۔

اصلاح النساء و تربیتِ اولاد

کتابچہ عورتوں کی اصلاح کے بارہ میں حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی اور تربیتِ اولاد کے بارہ میں حجۃ الاسلام

(باقی ص ۹۱ پر)